Roll No. | | | | | | |

Answer Sheet No.____________

Sig. of Candidate ______________

Sig. of Invigilator.____________

اُردو سلیس ایس ایس سی-II

حصہ اوّل (کُل نمبر:15)

وقت: 20 منٹ

نوٹ: حصہ اول لازمی ہے۔اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔اس کو پہلے بیس منٹ میں مکمل کرکے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

سوال نمبر ا:الف۔ درج ذیل قواعد کی رُو سے کیا ہیں؟ دیے گئے الفاظ یعنی الف/ب/ج/د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جز کا ایک نمبر ہے۔ (5x1=5)

(i) بہادر یار جنگ:

الف۔ خطاب ب۔ لقب ج۔ تخلص د۔ عُرف

(ii) " ناواقف " میں " نا " کیا ہے؟

الف۔ اسم علم ب۔ لاحقہ ج۔ سابقہ د۔ فعل نہی

(iii) رات

الف۔ اسم حالیہ ب۔ اسم کیفیت ج۔ اسم ظرف د۔ اسم معرفہ

(iv) ریوڑ

الف۔ اسم جمع ب۔ اسم فاعل ج۔ جمع الجمع د۔ اسم مکبّر

(v) عدل وانصاف

الف۔ مرکب اضافی ب۔ مرکب توصیفی ج۔ مرکب عطفی د۔ مرکب جاری

ب۔ دیے گئے الفاظ یعنی الف/ب/ج/د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جز کا ایک نمبر ہے۔ (10x1=10)

(i) "زبور" کس پیغمبر پر نازل ہوئی؟

الف۔ حضرت عیسیٰ ب۔ حضرت موسیٰ ج۔ حضرت داؤدؑ د۔ حضرت سلیمانؑ

(ii) سبق "وطن کی خاطر" کے مصنف کا نام کیا ہے؟

الف۔ سرسید احمد خان ب۔ مولوی عبدالحق ج۔ ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان د۔ خواجہ حسن نظامی

(iii) " اُردو " کس کی بیٹی ہے؟

الف۔ پراکرت ب۔ فارسی ج۔ برج بھاشا د۔ ترکی

(iv) مرزا غالب کا خاندانی پیشہ کیا تھا؟

الف۔ شاعری ب۔ سپہ گری ج۔ زرگری د۔ حکمت

(v) آبدوز کتنی دیر تک پانی میں رہ سکتی ہے؟

الف۔ ایک گھنٹہ ب۔ دو گھنٹے ج۔ تین گھنٹے د۔ چند گھنٹے

(vi) نظم " نعت " کا شاعر کون ہے؟

الف۔ عاصی کرنالی ب۔ بہزاد لکھنوی ج۔ مولانا حالی د۔ مولانا ظفر علی خان

(vii) پانی بن کر بہہ جائیں گے رہ کے سارے پتھر کس کا مصرعہ ہے؟

الف۔ نظیر اکبر آبادی ب۔ بے نظیر شاہ ج۔ ساقی جاوید د۔ علامہ اقبال

(viii) کس نے حکومت کی طرف سے دیا گیا خطاب واپس کر دیا؟

الف۔ بہادر شاہ ظفر ب۔ بہادر یار جنگ ج۔ مسلم جنگ بہادر د۔ سرسید احمد خان

(ix) اردو کا عوامی شاعر کون ہے؟

الف۔ علامہ اقبال ب۔ بے نظیر شاہ ج۔ خواجہ الطاف حسین حالی د۔ نظیر اکبر آبادی

(x) " افلاس " کا کیا مطلب ہے؟

الف۔ غربت ب۔ بے کسی ج۔ بیماری د۔ محتاجی

برائے ممتحن: کُل نمبر: 15 حاصل کردہ نمبر: ____

اُردوسلیبس ایس ایس سی-II

وقت: 2:40 گھنٹے | کُل نمبر حصّہ دوم اور سوم: 60

نوٹ: حصّہ دوم اور سوم صفحات 2-1 پر مشتمل ہے۔ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ایکسٹرا شیٹ طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

حصّہ دوم (کُل نمبر 37)

سوال نمبر ۲: الف۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے: (5x2=10)

(i) تعصب کے نقصانات بیان کریں۔

(ii) فاطمہ بنتِ عبداللہ نے اللہ کی راہ میں کس طرح اپنی جان قربان کی؟

(iii) غالب کی خطوط نگاری کی سب سے بڑی خوبی کیا ہے؟

(iv) وہ کون سی پانچ باتیں ہیں جو اسلام کا اصل عقیدہ ہیں؟

(v) محمد کامل کی ماں کس وجہ سے پریشان تھیں؟

(vi) نظم "پھول کی فریاد" سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

(vii) مرثیہ کس قسم کی نظم ہوتی ہے؟

ب۔ مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے پانچ الفاظ و محاورات کو جملوں میں استعمال کیجیے: (5)

(i) شکوہ (ii) دردناک (iii) بارِ خُدا (iv) دھوم مچنا

(v) اصلاح (vi) بَل بوتے (vii) نفس نفس

ج۔ (i) درج شُدہ کے جمع بنائیں: خطا ، حال ، لفظ (3)

(ii) درج شُدہ کے متضاد لکھیں: ماضی ، جنگ ، سوال (3)

(iii) درج شُدہ کے مترادف لکھیں: آشکار ، عالم ، عکس (3)

(iv) درج شُدہ الفاظ کے ہم قافیہ بنائیں: شان ، ڈالی ، قطار (3)

(v) درج شُدہ الفاظ سے صفت بنائیے: ظالم ، فقیر ، بہادر (3)

د ۔ مندرجہ ذیل الفاظ میں سے مذکر اور مؤنث الگ الگ کیجیے: (4)

تنکا ، تمیز ، دولت ، بدی

ہ ۔ مندرجہ ذیل الفاظ کو درست ترتیب دے کر بامعنی جملے بنائیے: (3)

(i) رات۔دن۔کام۔کارخانوں۔ہو۔میں۔رہا۔ہے

(ii) کی۔خدمت۔سے۔ایثار۔عزت۔ہوتی۔ہے۔انسان

(iii) دل۔جان۔لے۔توڑنا۔اچھا نہیں۔کسی۔کا

حصہ سوم (کُل نمبر 23)

سوال نمبر۳: سبق اور مُصنّف کے حوالے سے مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (1+5=6)

الف۔ دوسرا اہم پہلو وطن دوستی، اخوت، عزم، ہمت، استقلال اور ایثار جیسی صفات کو فروغ دینا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ہمیں اپنی بے شمار نعمتوں سے نوازا ہے۔ ہمارا فرض ہے کہ ہم پاکستان کو دن دونی، رات چوگنی ترقی دیں۔ اپنے ملک سے محبت کرنا، اس کی عظمت کو قائم رکھنا، اسے دوسری قوموں کے لیے مثالی ملک بنانا ہمارا فرض ہے۔

ب۔ مغلیہ سلطنت کے زوال پر سمندر کے راستے ایک نئی قوم ہندوستان میں واخل ہوئی، جو ہندو، مسلمانوں سے بالکل غیر تھی۔ اس قوم نے اس قوم کی اُنگلی پکڑی۔ اُنگلی پکڑتے ہی پہنچا پکڑا اور دربارِ سرکار میں اس کی رسائی ہوگئی۔ رفتہ رفتہ دفاتر سے فارسی کو نکال باہر کیا اور خود اس کی کُرسی پر جلوہ گر ہوئی۔

سوال نمبر۴: شاعر اور نظم کا حوالہ دیتے ہوئے مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (1+5=6)

الف۔
تن ٹھوکر مار پچھاڑا ہو
اور دل سے ہوئی ہو کُشتی سی
تھرتھر کا زور اکھاڑا ہو
بجتی ہو سب کی بتیسی

ب۔
ہر ایک چیز سے پیدا خدا کی قدرت ہے
کوئی بڑا کوئی چھوٹا، یہ اس کی حکمت ہے
نہیں ہے چیز نکمی کوئی زمانے میں
کوئی بُرا نہیں قدرت کے کارخانے میں

سوال نمبر۵: شاعر کا حوالہ دیتے ہوئے مندرجہ ذیل غزلیہ اجزاء میں سے کسی ایک کی تشریح کیجیے: (1+5=6)

الف۔
حال میرا خراب ہے کہ نہیں
آج تو آپ نے بھی آ دیکھا
اہلِ عالم سب آئے غیر نظر
اک تمھیں صورت آشنا دیکھا

ب۔
نہ سنو گر بُرا کہے کوئی
نہ کہو گر بُرا کرے کوئی
روک لو گر غلط چلے کوئی
بخش دو گر خطا کرے کوئی

سوال نمبر۶: درج ذیل میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیں: (5)

الف۔ پھول کی فریاد

ب۔ پاک وطن، اے پاک وطن

----- 2SS 1806 -----